08-05-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔قومی سلامتی سے متعلق حالیہ واقعات کے مدنظر وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کی تیاری اور بین وزارتی رابطہ کا جائزہ لینے کیلئے آج مختلف وزارتوں اور محکموں کے سکریٹریز کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت کی۔

۲۔تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین نے دہشت گردی کے خلاف کارروائی کیلئے ملک کی مسلح افواج کی بہادری کی ستائش کی۔

۳۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اب سے کچھ دیر قبل حیدرآباد میں ہائیڈرا کے پہلی پولیس اسٹیشن اور ویب سائٹ کا افتتاح کیا۔

اور

۴۔ملگو ضلع کے واجیڑ ومنڈل میں بارودی سرنگ کے دھماکے اور فائرنگ کے تبادلوں میں تین پولیس ملازمین اور 8 ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔

REDDY THALASSEMIA

دنیا بھر میں آج تھلسیمیا ڈے منایا جارہا ہے۔تھلسیمیا سے متاثر مریضوں کی جدوجہد کوتسلیم کرتے ہوئے اورعوام میں اس بیماری کے تعلق سے بیداری پیدا کرنے کیلئے ہرسال 8 مئی کو یہ دن منایا جاتا ہے۔اس سال تھلسیمیا ڈے کا موضوع ہے برادریوں کومتحد کرنا اور مریضوں کوترجیح دینا۔دہلی میں حکومت نے تھلسیمیا بال سیوا یوجنا پروگرام منعقد کیا۔اس موقع پر کوئلہ اور کانوں کے وزیر جی کشن ریڈی نے ملک کوتھلسیمیا سے پاک کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے دواخانوں اور غیرسرکاری اداروں سے کہا کہ وہ اس بیماری کے بارے میں ملک بھر میں بیداری پیدا کرے۔انہوں نے اس بیماری کے خاتمہ کیلئے مل جل کرعہد کرنے کی ضرورت پرزوردیا۔

BYTE G KISHAN REDDY

آکاش وانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے ویلور کے کرسچین میڈیکل کالج کے سینئر پروفیسر ڈاکٹر وکرم متھوز نے کہا کہ اگر کسی بچہ کے دونوں والدین تھلسیمیا سے متاثر ہوں تو بچہ بھی اس مرض میں مبتلا ہوسکتا ہے۔انہوں نے بتایا کہ صرف بون میرو ٹرانسپلانٹ سے ہی اِس مرض کا علاج ہوسکتا ہے۔

PM - HIGH LEVEL MEETING

قومی سلامتی سے متعلق حالیہ واقعات کے مدنظر وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کی تیاری اور بین وزارتی رابطہ کا جائزہ لینے کیلئے آج مختلف وزارتوں اور محکموں کے سکریٹریز کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت کی۔  اس اعلیٰ سطحی اجلاس میں وزیر

اعظم نے تمام وزارتوں اور ایجنسیوں پر زور دیا کہ وہ آپسی تال میل کو یقینی بنائیں۔انہوں نے موجودہ صورتحال سے نمٹنے کے لئے وزارتوں کی منصوبہ بندی اور تیاری کا جائزہ لیا۔ اجلاس کے دوران کئی امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ان میں سیول ڈیفنس میکانزم کو مستحکم کرنا، جھوٹی خبروں سے نمٹنے کے لئے اقدامات اور اہم تنصیبات کی سلامتی شامل ہیں۔وزارتوں سے کہا گیا کہ وہ ریاستی حکام اور زمینی سطح پر کام کرنے والے اداروں کے ساتھ قریبی رابطہ بنائے رکھیں۔وزیر اعظم نے سکریٹریز پر زور دیا کہ وہ ضروری محکموں کی کارکردگی کو یقینی بنائیں۔وزیر اعظم نے قومی سلامتی اور شہریوں کے تحفظ کے تئیں حکومت کے عہد کا اعادہ کیا۔اس اجلاس میں کابینی سکریٹری، وزیر اعظم کے دفتر کے اعلیٰ عہدیدار، دفاع، امور داخلہ، امور خارجہ، اطلاعات و نشریات، برقی، صحت اور مواصلات کے بشمول اہم وزارتوں کے سکریٹریز نے شرکت کی۔

GOVT ALL PARTY MEETING

تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین نے دہشت گردی کے خلاف کارروائی کیلئے ملک کی مسلح افواج کی بہادری کی ستائش کی۔ آپریشن سندور کے سلسلہ میں حکومت کی جانب سے طلب کئے گئے کل جماعتی اجلاس میں تمام پارٹیوں نے حکومت کی مکمل تائید کی۔پارلیمنٹ ہاؤس میں وزر دفاع راج ناتھ سنگھ کی صدارت میں منعقدہ اس اجلاس میں ایک درجن سے زائد پارٹیوں کے قائدین نے شرکت کی۔راج ناتھ سنگھ نے ان قائدین کو آپریشن سندور کی تفصیلات سے واقف کروایا۔ بھارت نے پاکستان اور پاکستان مقبوضہ کشمیر میں دہشت گردوں کے 9 اڈوں پر حملہ کیا ہے۔اجلاس کے بعد پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے میڈیا کو بتایا کہ یہ اجلاس تعمیری رہا اور ہر لیڈر نے ملک کو درپیش بڑے چیالنج کو تسلیم کرتے ہوئے ذمہ داری کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ بلاتفریق جماعت قائدین نے کہا کہ ایسے نازک وقت میں سیاست کیلئے کوئی جگہ نہیں ہے۔کرن رجیجو نے کہا کہ آپریشن سندور ابھی جاری ہے۔

Rajnath Singh

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کے تحت 9 دہشت گرد کیمپوں کو تباہ کر دیا گیا اور بڑی تعداد میں دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔دہلی میں نیشنل کوالیٹی کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اس کارروائی اور جرأت مندی کیلئے ملک کی مسلح افواج کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ جس طریقہ سے مسلح افواج نے پاکستان اور پاکستان مقبوضہ کشمیر میں دہشت گرد کیمپوں کو تباہ کیا وہ ملک کیلئے قابل فخر ہے۔

Encounter

ملگوضلع کے واجیڑ ومنڈل میں باردوی سرنگ کے دھماکے اور فائرنگ کے تبادلوں میں تین پولیس ملازمین اور 8 ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔آپریشن کگار کے تحت سیکورٹی فورسس نے تلاشی کی کارروائی انجام دی جس کے دوران باردوی سرنگ کے دھماکہ میں تین پولیس ملازمین ہلاک ہوگئے۔اس کے بعد ہوئی فائرنگ کے تبادلہ میں 8 ماؤنواز مارے گئے۔ ان میں سی پی آئی ماؤسٹ کی سنٹرل کمیٹی کارکن چندرنا اور اسپیشل زونل کمیٹی کارکن بنڈی پرکاش شامل ہیں۔دیگر 6 ماؤنوازوں کی شناخت ابھی باقی ہے۔ملگو کے ہمارے نامہ نگار پیش کررہے ہیں مزید تفصیلات

Sound Byte.

WEATHER

تلنگانہ میں چندایک مقامات پرہلکی تااوسط بارش یاگرج چمک کے ساتھ بونده باندی کاامکان ہے۔کریم نگر، پداپلی، جئے شنکر بھوپال پلی،ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم،نلگنڈہ،سوریہ پیٹ،محبوب آباد، ورنگل،ہنمکنڈہ، جنگاؤں،سدی پیٹ،یادادری بھونگیری، رنگاریڈی، حیدرآباد، میڑچل ملکاجگری، ناگرکرنول، ونپرتی اور جوگولامبا گدوال اضلاع میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران اکادوکا مقامات پرگرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ان اضلاع کیلئے ایلوالرٹ جاری کردیا گیاہے۔ریاست کے کئی اضلاع میں آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران اکادوکا مقامات پرگرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔

Leaves CM

آپریشن سندور کے پیش نظر ریاستی حکومت نے ایمرجنسی خدمات انجام دینے والے ملازمین کی درخواستیں منسوخ کردی ہیں۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے وزرااورعہدیداروں کودستیاب رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ چیف منسٹر نے کمانڈکنٹرول سنٹر میں 24 گھنٹے کارکرڈٹول فری نمبرشروع کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔انہوں نے عہدیداروں کوہدایت دی کہ وہ تینوں کمشنریٹس کی حدود میں آنے والے سی سی ٹی وی کیمروں کوکمانڈکنٹرول سنٹر مربوط کریں۔تمام اضلاع کے ہیڈکواٹراور اہم مقامات پر سیکورٹی کوسخت کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

Mallu Bhatti Vikramarka

ڈپٹی سی ایم ملوبھٹی وکرامارکہ نے کہاہے کہ طبی خدمات کی ضروریات کے مطابق حکومت نئے میڈیکل کالج منظور کررہی ہے۔ ریاست میں اس وقت 34 سرکاری اور 29 خانگی میڈیکل کالجس موجود ہیں۔حکومت نے مزید 8 کالج منظور کئے ہیں۔

انہوں نے کھمم میں میڈیکل کالج کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا جو 135 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ایک سال میں محکمہ صحت کیلئے 11 ہزار 482 کروڑ روپے منظور کئے ہیں جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیکل کالجوں کی عمارتوں کی تعمیر کیلئے فنڈس مختص کئے جارہے ہیں۔ اس پروگرام میں وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا، وزیر زراعت تو ملا ناگیشور راؤ، وزیر مال پی سرینواس ریڈی اور دیگر عوامی نمائندوں نے شرکت کی۔

BJP

بی جے پی نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ریاست میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کی تفصیلات منظر عام پر لائیں۔ بی جے پی کے ریاستی ترجمان این وی سبھاش نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یو پی اے کے دور حکومت میں غیر قانونی دراندازوں کے معاملہ میں نرمی سے کام لیا گیا جس کے نتیجہ میں ملک کو دہشت گرد حملوں کی صورت میں قیمت چکانی پڑ رہی ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ دہشت گرد سرگرمیوں میں مدد کرنے والے مقامی سلیپر سیلس کے خلاف کارروائی کرے۔

HYDRAA

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اب سے کچھ دیر قبل حیدرآباد میں ہائیڈرا کے پہلی پولیس اسٹیشن اور ویب سائٹ کا افتتاح کیا۔ انہوں نے اس موقع پر ہائیڈرا کے 122 موٹر گاڑیوں کو جھنڈی دکھائی۔ ان میں 21 ڈی آر ایف ٹرکس، 55 اسکارپیو، چار اِنووا کریسٹا، 5 منی بسیں اور 37 ٹو وہیلرس شامل ہیں۔ چیف منسٹر نے اس موقع پر کہا کہ انسانی غلطیوں کے نتیجہ میں شہروں میں پانی کے وسائل کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ضروری اقدامات نہیں کئے گئے تو حیدرآباد میں بھی ایسی ہی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔